# 121053 - اپاہج بیٹے کو معذوروں کی دیکھ بھال سینٹر میں داخل کرانے کا حکم

**سوال**

کچھ والدین اپنے اپاہج بچوں کو معذوروں کی دیکھ بھال سینٹر میں داخل کر دیتے ہیں، دین اسلام میں اس تصرف کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

" اس میں کوئی حرج نہیں، اس لیے کہ یہاں کی حکومت کو اللہ تعالی جزائے خیر دے اور اس کی معاونت فرمائے نے اپاہج اور معذور افراد کی دیکھ بھال کے لیے سینٹر قائم کر رکھے ہیں اور ان میں بہت خیال کیا جاتا ہے، جہاں ان کی تعلیم و تربیت اور پرورش ہوتی ہے، اور ان کی باقی ضروریات کا خیال رکھا جاتا ہے.

اس لیے والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے معذور بچوں کا ان سینٹروں میں اندارج کرائیں تا کہ ان کے بچوں کو راحت و سکون حاصل ہو اور حکومتی سینٹروں میں ان کی اچھے طریقہ سے دیکھ بھال ہو سکے، اور اس کے ساتھ ساتھ ان کے علاج و معالجہ اور پرورش کے خطیر اخراجات سے بھی بچ سکیں.

اور اگر کوئی شخص ان کا علاج معالجہ اور دیکھ بھال کسی اور سینٹر یا پھر خود کرنا چاہے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں، کیونکہ دین اسلامی بچوں کو ان داخلی یا خارجی سینٹروں میں اندراج کرانے سے منع نہیں کرتا " انتہی .